Name of the student .... Sign of invigilator...................

Model Paper

وقت:ڈھائی گھنٹہ   درجہ:ہشتم(8th)   مضمون: اردو   کل نمبر: 75

۱۔مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر سوالوں کے جوابات لکھیے۔

سیّد صاحب۔۔۔۔۔۔آج اکیسواں دن ہے۔آفتاب اس طرح گاہ۔ گاہ نظر آجاتا ہے جس طرح بجلی چمک جاتی ہے۔رات کو کبھی۔ کبھی تارے اگر دکھائی دیتے ہیں تو لوگ ان کو جگنو سمجھ لیتے ہیں۔اندھیری راتوں میں چوروں کی بن آئی ہے۔کوئی دن نہیں کہ دو چار گھر کی چوری کا حال نہ سنا جائے۔مبالغہ نہ سمجھنا ہزار ہا مکان گر گئے۔سیکڑوں آدمی جا بہ جا دب کر مر گئے۔گلی۔ گلی ندی بہہ رہی ہے۔قصہ مختصر، وہ ان کال تھا مینہ نہ برسا، اناج نہ پیدا ہوا۔یہ پن کال ہے۔پانی ایسا برسا کہ بوئے ہوئے دانے بہہ گئے۔جنھوں نے ابھی نہیں بویا تھا وہ بونے سے رہ گئے سن لیا دلّی کا حال؟اس کے سوا کوئی نئی بات نہیں ہے۔جناب میرن صاحب کو دعا۔زیادہ کیا لکھوں۔ 6

(الف) **گلی گلی ندی بہہ رہی ہے۔**اس جملے کی وضاحت کیجیے۔

(ب) مرزا غالبؔ نے یہ خط کس کے نام لکھا تھا؟

(ج) معنی لکھیے: مبالغہ، گاہ۔گاہ، جا بہ جا

۲۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے دو اشعار کا مطلب لکھیے۔ 4

تو اور کی تعریف کر، تجھ کو ثنا خوانی ملے   کر مشکل آساں اور کی تجھ کو بھی آسانی ملے

جھٹپٹے کا وقت گھر سے اک مٹّی کا دیا   اک بڑھیا نے سرِ راہ لا کے روشن کر دیا

کم مایہ کمال اپنا جتا دیتا ہے اکثر   جو ظرف کہ خالی ہے صدا دیتا ہے اکثر

۳۔مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیے اور ان کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے: 6

تذکرہ   بہ شرطِ حیات   فراغت   کسل   رہ گیر   عطار

۴۔ مندرجہ ذیل مصادر سے حاصلِ مصدر بنائیے۔ 6

پکارنا   گونجنا   آزمانا   ڈانٹنا   ہنسنا   چڑھنا

۵۔فعل حال، فعل ماضی اور فعل مستقبل کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے۔ 6

یا

بناوٹ کے اعتبار سے اسم کی کتنی اقسام ہیں؟ مع مثال وضاحت کیجیے۔

۶۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف تین الفاظ کے دو۔دو مترادف الفاظ لکھیے: 6

آسمان   جنّت   غلطی   دنیا   سورج

۷۔ مندرجہ ذیل جملوں میں مضاف اور مضاف الیہ چھانٹ کر لکھیے۔ 6

آپ کا گھر کہاں ہے؟   میرا بھائی آج دہلی جائے گا۔   یہ گھڑی تمہاری ہے۔

ہندستان ہمارا وطن ہے۔   حامد کی دکان آج بند ہے۔   اپنے والدین کی خوب خدمت کرو۔

۸۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف چھ الفاظ کی ضد لکھیے: 6

بہار   آخر   وفات   نفع   انکار   زبر   بے گناہ   شروع

۹۔مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف چھ الفاظ کی جمع لکھیے: 6

حضرت   حالت   روح   خلیفہ   معنی   باغ   غریب   سبب

۱۰۔ مندرجہ ذیل محاورات میں سے صرف تین محاوروں کو اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ ان کا مطلب واضح ہو جائے۔

بن آنا   دبے پاؤں نکل جانا   ہاتھ صاف کرنا   سر پر ہاتھ رکھ کر رونا   سراغ ملنا 6

۱۱۔ مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر اس میں سے اسم، ضمیر اور فعل چھانٹ کر لکھیے۔ 5

عارف نینی تال میں رہتا ہے۔وہ درجہ ہشتم کا طالب علم ہے۔اس کے والد کل ممبئی جائیں گے۔وہ ایک ڈاکٹر ہیں اور چھٹیوں میں اپنے گھر آئے ہوئے تھے۔عارف کے دو بڑے بھائی اور ایک چھوٹی بہن ہے۔وہ اپنے والدین اور بھائی بہن سے بے حد پیار کرتا ہے۔

۱۲۔کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے:

عید کی خوشیاں   ہماری درسگاہ   بارش کا موسم 12